یو۔ ایس۔ ڈیپارٹمنٹ آف جسٹس
سِول رائٹس ڈیویژن

یو۔ ایس۔ ڈپارٹمنٹ
آف ایجوکیشن
آفس فار سِول رائٹس

وائٹ ہاؤس کی پیش قدمی برائے
ایشیائی امریکی اور
جزیرہ بحرالکاہل کے باشندے

AANHPI اور MASSA کے طلبا سے امتیازی سلوک کے خلاف جنگ

یو ایس ڈپارٹمنٹ آف جسٹس کا سِول رائٹس ڈیویژن (CRT) اور یو۔ ایس۔ ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کا آفس فار سِول رائٹس (OCR) تمام تعلیمی سطحوں پر سرکاری اور وفاقی اسکولوں میں وفاقی شہری حقوق کے قوانین کا نفاذ کرتے ہیں۔ یہ قوانین تمام طلباء کو، بشمول ایشیائی امریکی، مقامی ہوائین، اور جزیرہ بحرالکاہل کا باشندہ (AANHPI) اور مسلمان، عربی، سکھ اور جنوبی ایشیائی(MASSA) طلباء، نسل، رنگ اور قومیت (بشمول زبان اور مشترکہ نسلی خصوصیات) کی بنیاد پر ہونے والے امتیازی سلوک سے تحفظ فراہم کرتے ہیں۔ CRT سرکاری اسکولوں میں مذہبی امتیاز کے خلاف قوانین کا نفاذ بھی کرتی ہے۔ اسکولوں پر لازم ہے کہ وہ امتیازی سلوک بشمول نسل، رنگ، قومیت، یا مذہب کی بنیاد پر ہراساں کرنا یا دھمکیاں دینے کے خلاف فوری اور موزوں اقدامات کریں۔ مندرجہ ذیل مثالوں میں اسکولوں کی جانب سے عمل، یا کچھ معاملات میں بے عملی، کو واضح کیا گیا ہے جس کے باعث CRT یا OCR کے نافذ کردہ قوانین کی خلاف ورزی ہو سکتی ہے:

- *ایک کورین-امریکی طالبہ اپنے پرنسپل کو بتاتی ہے کہ کورین طلباء کے ایک گروہ نے بار بار اس کی ایشیائی تاریخ کی نصابی کتاب چوری کی ہے اور اسے کہتے ہیں کہ وہ "اصل کورین" نہیں ہے کیونکہ وہ صرف انگریزی میں بات کرتی ہے۔ پرنسپل اس طالبہ کو کہتے ہیں کہ اسے تنگ کرنے والے طلباء بھی کورین ہیں لہذا یہ ممکنہ طور پر دوستوں کے درمیان کوئی غلط فہمی ہو سکتی ہے۔ اس بنیاد پر پرنسپل اس عمل کے خلاف کوئی قدم نہیں اٹھاتا۔*

- *ایک سکھ طالب علم اپنی پگڑی پہن کر اسکول آتا ہے۔ ایک استاد اس طالب علم کو کہتا ہے کہ خطے میں ہونے والے حالیہ مسلم مخالف پر تشدد واقعات کو مدنظر رکھتے ہوئے اسے اپنے ذاتی تحفظ، کے لیے یہ پگڑی اتار دینی چاہیے۔ وہ طالب علم اپنے استاد کو بتاتا ہے کہ وہ سکھ ہے۔ جب وہ طالب علم پگڑی نہ پہننے پر رضامند نہیں ہوتا تو اسے معطل کر دیا جاتا ہے۔*

- *ایک چینی طالب علم کواسکول کے قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کرنے پر اسکول کی حدود سے باہر کردینے کے تحت معطل کیا جاتا ہے۔ اس معطلی کے حوالے سے اسسٹنٹ پرنسپل سے ملاقات سے قبل طالب علم کے والدین ایک ترجمان کی درخواست دیتے ہیں لیکن اسکول کی انتظامیہ ترجمان کا انتظام نہیں کرتی۔ جب اس طالب علم کے والد ملاقات کے لیے پہنچتے ہیں تو کوئی ترجمان موجود نہیں پاتے اور اسسٹنٹ پرنسپل خود ہی بات چیت شروع کر دیتا ہے۔*

- *9/11 کے متعلق ایک سبق کے دوران مسلم مڈل اسکول کے ایک مسلمان طالب علم کے ہم جماعت اسے دہشت گرد کہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ وہ اپنے ملک واپس چلا جائے۔ اس پر وہاں موجود استاد کلاس کو بتاتے ہیں کہ صرف چند مسلمان دہشت گرد ہیں اور اس مسلمان طالب علم سے پوچھتے ہیں کہ مسلمانوں نے 9/11 کے دہشت گرد حملوں کی مذمت کیوں نہیں کی۔ وہ طالب علم اسکول انتظامیہ کے ایک افسر سے اپنے استاد اور ساتھی طلباء کے بیانات کی شکایت کرتا ہے لیکن وہ افسر اس شکایت کے جواب میں کوئی اقدام نہیں اٹھاتا۔*

- *ایک ہائی اسکول انگلش لرنر (EL) کی سہولت صرف EL طلباء کو فراہم کرتا ہے جوکہ ہسپانوی بولتے ہیں۔ جب پنجابی بولنے والے طلباء EL سروسز کے متعلق دریافت کرتے ہیں تاکہ انہیں ایڈوانسڈ پلیسمنٹ (AP) کلاسز میں معاونت حاصل ہو جائے تو پرنسپل انہیں کہتے ہیں کہ وہ ایک ساتھ EL سروسز اور AP کلاسز نہیں لے سکتے۔*

- *ایشیائی طلباء کے ایک گروہ کو ہر ہفتے جِم کی کلاس میں دوسرے طلبا مارتے ہیں اور یہ کہہ کر تنگ کرتے ہیں ”ایشیائی حساب میں ماہر ہو سکتے ہیں—باسکٹ بال میں نہیں۔“ جب وہ طلبا استاد سے شکایت کرتے ہیں تو وہ یہ کہتے ہیں کہ سب سے بہترین جواب یہ ہے کہ وہ دوسرے طلباء کی اس طرح کی باتوں کو نظر انداز کر کے جم کی کلاس میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کی کوشش کریں۔*

اگر کسی کو بھی اسکولوں میں امتیازی سلوک کے کسی بھی واقعے کے متعلق علم ہو تو درج ذیل پتے پر رابطہ کر کے شکایت درج کریں:

یو ایس ڈپارٹمنٹ آف جسٹس، سِول رائٹس ڈیویژن
تعلیمی مواقعوں کا سیکشن
ای میل: education@usdoj.gov
ٹیلیفون: 4092 -202-514 یا 877-292-3804
TTY: 800-514-0383

یو ایس ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن، آفس فار سِول رائٹس
ای میل: ocr@ed.gov
ٹیلیفون: 6100 -202-453 یا 800-421-3481
TDD: 800-877- 8339
لسانی معاونت/ لینگویج اسسٹنس:
800-USA-LEARN (800-872-5327)

[OCR-00093-UR]

OCR عوام الناس کو بھی تیکنیکی معاونت فراہم کرتا ہے اور درج ذیل کے حوالے سے کئے جانے والے سوالات کے جوابات فراہم کرتا ہے

OCR کے نافذ کردہ قوانین کے تحت اسکولوں کے فرائض اور طلباء اور والدین کے حقوق۔

اگر آپ معذوری اور جنس (بشمول جنسی شناخت اور جنس سے متعلق تصورات سے ناموافقت) کی بنیاد پر امتیازی سلوک کے خلاف CRT اور OCR کے نافذ کردہ قوانین کے متعلق مزید معلومات حاصل کرنا چاہیں تو برائے مہربانی ہمیں www.justice.gov/crt/educational-opportunities-section پر اور www.ed.gov/ocr پر وزٹ کریں۔